https://www.upboardonline.com

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 8

अनुक्रमांक

नाम

104 / 1 309

2018

उर्दू

प्रथम प्रश्नपत्र

समय : तीन घण्टे 15 मिनट] [पूर्णांक : 50

निर्देश : प्रारम्भ के 15 मिनट परीक्षार्थियों को प्रश्नपत्र पढ़ने के लिए निर्धारित हैं।

1. اپنی پڑھی ہوئی کتاب میں سے صرف دو کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔ 15

(ادب پارے)

(الف) تم بھی کتنی عقل سے خالی احمق سے بھری ہو۔ تم تو پری ہو۔ جانور کی بات پر اتنا آزردہ ہونا۔ گو گویا ہے پھر طائر ہے۔ میاں مٹھو کو ان باتوں کی تاب نہ آئی۔ آنکھ بدل کر روکھی صورت بنائی اور ٹیں سے بولا۔ خداوند نعمت، جھوٹ جھوٹ سچ سچ ہے۔ ہمسر جس کا کوئی نہیں

[Turn over

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

وہ ذات وحدہٗ لاشریک ہے۔ اس کے سوا ایک سے ایک بہتر و برتر ہے۔ میں نے جھوٹ اور سچ سے بچ کر ایک کلمہ کہا تھا۔ اگر راستی پر ہوتا گردن کج کیے سیدھا گور میں سوتا۔ یہ سن کر وہ اور رنجور ہوئی۔ جان عالم نے مجبور ہو کر کہا جو ہو سو ہو۔

(ب) اس رائے کا ایک بڑا حامی یہ کہتا ہے کہ شعر دل پر ویسا ہی پردہ ڈالتا ہے جیسا میجک لینٹرن آنکھ پر ڈالتی ہے۔ جس طرح اس لالٹین کا تماشا بالکل اندھیرے کمرے میں پورے کمال کو پہنچتا ہے اسی طرح شعر محض تاریک زمانے میں اپنا پورا کرشمہ دکھاتا ہے اور جس طرح روشنی کے آتے ہی میجک لینٹرن کی تمام نمائشیں نابود ہو جاتی ہیں اسی طرح جوں جوں حقیقت کی حدود اربعہ صاف اور روشن اور احتمالات کے پردے مرتفع ہوتے جاتے ہیں اسی قدر شاعری کے سیمابی جلوے کافور ہوتے جاتے ہیں۔

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

(ج) ایسے تجربے بے شمار ہیں لیکن جب آپ نے مجھ سے یہ سوال پوچھا تو مجھے خاص طور پر ایک تجربے کا خیال آیا جس نے میری زندگی کے دھارے کو پلٹ دیا۔ واقعہ مجھ پر جنوبی افریقہ پہنچنے کے سات دن بعد گزرا۔ میں وہاں ایک خالص دنیاوی اور خودغرضانہ مقصد سے گیا تھا۔ اس وقت میں ایک لڑکا تھا جو ابھی انگلستان سے واپس آیا تھا اور کچھ روپیہ کمانا چاہتا تھا۔ جس موکل نے مجھے وہاں بلایا تھا اس نے ڈربن سے پریٹوریا جانے کو کہا۔ یہ سفر کچھ آسان نہ تھا۔

(ادبی سی پارے)

(الف) شاید کسی کو یہ خیال ہو کہ اخلاقی مضامین سے غزل میں وہ گرمی پیدا نہیں ہو سکتی جو عشقیہ مضامین میں ہوتی ہے۔ جو اثر شوق و آرزو اور درد جدائی اور کاہش انتظار اور رشک اغیار کے بیان میں ہے وہ واعظانہ پند و نصیحت میں ہرگز نہیں ہو سکتا۔ بے شک اخلاقی مضامین کو موثر پیرائے میں بیان کرنا نہایت مشکل کام ہے اور بلاشبہ غزل

[Turn over

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

جس میں سوز و گداز نہ ہو اور بچہ جو چلبلا اور چونچال نہ ہو دونوں میں کچھ کشش اور گیرائی نہیں ہوتی۔

(ب) قید خانے کی چار دیواری کے اندر بھی سورج ہر روز چمکتا ہے اور چاندنی راتوں نے کبھی قیدی اور غیر قیدی میں امتیاز نہیں کیا۔ اندھیری راتوں میں جب آسمان کی قندیلیں روشن ہو جاتی ہیں تو وہ صرف قید خانے کے باہر ہی نہیں چمکتیں۔ اسیران قید و محن کو بھی اپنی جلوہ فروشیوں کا پیام بھیجتی رہتی ہیں۔ صبح جب طباشیر بکھیرتی ہوئی آتی ہے اور شام جب شفق کی گل گوں چادریں پھیلانے لگے گی تو صرف عشرت سراؤں کے دریچوں ہی سے ان کا نظارہ نہیں کیا جائے گا قید خانے کے روزنوں سے لگی ہوئی نگاہیں بھی انہیں دیکھ لیا کریں گی۔

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

(ج) ایک زمانہ تھا کہ ہماری شاعری لطف صحبت اور تفنن کا کام دیتی تھی۔ وہ بھی ایک وقت تھا، دولت تھی، ثروت تھی، حکومت تھی، فارغ البالی تھی۔ دوسرے دنیاوی کاروبار کے ساتھ سامان عیش بھی تھا اور اسی سامان عیش کا ایک جز شاعری بھی تھی۔ لیکن وقت ایک حال پر نہیں رہتا۔ زمانہ بہت کچھ بدل گیا ہے۔ ہمارے شاعر زمانے کی اس نیرنگی کو معشوقوں کے تلون سے تشبیہ دیتے ہیں لیکن بے چارے معشوق خود اس زمانے کے ہاتھوں مجبور ہیں۔ اب زمانہ کچھ اور ہو گیا ہے۔ اب نئے دور نے جنم لیا ہے۔ نئے حالات کے ساتھ نئے خیالات امڈے چلے آرہے ہیں اور اس کے ساتھ نئی نئی مصیبتیں اور آفتیں بھی ہمارے سر پر تلی کھڑی ہیں۔

[Turn over

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

2. مندرجہ ذیل عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں : 10

"اپنی زبان کس کو پیاری نہیں لگتی۔ اس بارے میں طرف داری برحق، لیکن "سخن فہمی" بھی ضروری ہے۔ اردو کی زلف گرہ گیر کے ہم سب اسیر ہیں۔ اردو کے حسن و خوبی کا تذکرہ کون نہیں کرتا۔ اس کے لطف و اثر اور شیرینی اور دل نشینی کی کشش کون محسوس نہیں کرتا۔ کون نہیں جانتا کہ اُردو ہندوستان کی بلکہ اس برصغیر کی یا جنوبی ایشیا کی ایسی زبان ہے جس میں اخذ و قبول کا حیرت انگیز ملکہ ہے، اور جس کا دامن طرح طرح کے پھولوں سے بھرا ہے اور جس کی جادو اثری میں "شکوہِ ترکمانی، ذہن ہندی، نطقِ اعرابی، تینوں کا ہاتھ ہے۔ کون نہیں جانتا کہ اردو نے ہند آریائی کا دودھ پیا ہے اور اسی دھرتی پر پلی بڑھی ہے۔"

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

3. درج ذیل ادیبوں میں سے کسی ایک کے حالات زندگی، ان کے ادبی کارناموں نیز طرز تحریر کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے: 10

(i) الطاف حسین حالی

(ii) آل احمد سرور

(iii) رجب علی بیگ سرور

(iv) مولانا ابوالکلام آزاد

(v) محمد حسین آزاد

4. درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر اور جامع نوٹ لکھیں: 5

(i) مختصر افسانہ

(ii) ناول

(iii) تنقید و تحقیق

(iv) مضمون نگاری

(v) خطوط

[Turn over

https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: 10

(i) سائنس اور ٹیکنالوجی کی اہمیت

(ii) کتب بینی کا شوق

(iii) میرا پسندیدہ مصنف

(iv) حُبّ الوطنی

(v) صفائی کی اہمیت

(vi) عصر حاضر کے سماجی مسائل

https://www.upboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

https://www.upboardonline.com